باب 6: پاکستان اور عالمی امور

مشقی سوالات

معروضی سوالات

ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

اقوامِ متحدہ کا قیام عمل میں آیا:

(A) 24۔اکتوبر 1944ء (B) 14۔اپریل 1945ء (C) 24۔اکتوبر 1945ء (D) 24۔نومبر 1946ء

2۔اسلامی کانفرنس کی تنظیم کی بنیاد 1969ء میں جس شہر میں رکھی گئی، وہ ہے:

(A) تہران (B) لاہور (C) جدہ (D) رباط

3۔عوامی جمہوریہ چین کا قیام عمل میں آیا:

(A) 1947ء میں (B) 1949ء میں (C) 1951ء میں (D) 1953ء میں

4۔پاکستان نے 30۔ستمبر 1947ء کو جس ادارے کی رکنیت حاصل کی، وہ ہے:

(A) او آئی سی (B) ای سی او (C) اقوامِ متحدہ (D) سارک

5۔پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کیا:

(A) ایران نے (B) چین نے (C) افغانستان نے (D) امریکا نے

جوابات:

1۔24۔اکتوبر 1944ء 2۔رباط 3۔1949ء میں
4۔اقوامِ متحدہ 5۔ایران نے

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

1۔خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی ملک کی دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات کی حکمتِ عملی کو خارجہ پالیسی کہتے ہیں۔

2۔وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں کے نام تحریر کریں؟

جواب: وسطی ایشیا کی مسلم ریاستوں میں قازقستان کرغز، تاجکستان، ترکمانستا، اور ازبکستان شامل ہیں۔

3۔گوادر کی بندرگاہ کی اہمیت کو تین سطروں میں تحریر کریں؟

جواب: چین اور پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کی بدولت گوادر کی بندرگاہ کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔اس منصوبے کی بدولت یورپ، امریکا اور دیگر ریاستوں کی تجارتی آمدورفت گوادر کی بندرگاہ کے ذریعے ممکن ہو جائے گی، یوں گوادر کی بندرگاہ معاشی سرگرمیوں کا مرکز بن جائے گی۔اس کی وجہ سے پاکستان کی اہمیت میں اضافہ ہو گا۔چین سے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔

4۔مسئلہ فلسطین سے کیا مراد ہے؟

جواب: 1948ء میں مغربی ممالک کے ایما پر فلسطین کی سرزمین پر اسرائیل کے نام سے ایک ریاست قائم ہوئی۔اسرائیل نے دیگر علاقوں پر قبضہ کرنا شروع کر دیا۔اس طرح فلسطین کا وجود خطرے میں پڑ گیا۔آج بھی اقوامِ متحدہ اور اسلامی ممالک کی جانب سے آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کی کوششیں جاری ہیں۔فلسطینی کے مقبوضہ علاقے واپس کر کے ہی فلسطین کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔

taleemcity.com

5۔پاکستان کے برّی اور بحری راستے کیوں اہم ہیں؟

جواب: مغربی ممالک کی صنعتی ترقی کا دارومدار خلیجی ممالک میں ہونے والی تیل کی پیداوار پر ہے۔ یہ تیل مغربی ممالک کو بحیرہ عرب کے راستے بھیجا جاتا ہے اور کراچی بحیرہ عرب کی اہم بندرگاہ ہے، کراچی اہم ہوائی اڈہ بھی ہے۔ افغانستان اور وسطی ایشیائی ممالک کی تجارت کے لیے بھی پاکستان کے برّی اور بحری راستے بڑے اہم ہیں۔

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یاڈاونلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

اضافی معروضی و مختصر سوالات

معروضی سوالات

پاکستان کی جغرافیائی اور سیاسی اہمیت (Geo-Political significance of Pakistan)

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد (Objectives of Pakistan's Foreign Policy)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔پاکستان کے شمال میں واقع ہے:

(A)بحرِ ہند (B)بھارت (C)افغانستان (D)چین

2۔پاکستان اور چین کو ملاتی ہے:

(A)نیشنل ہائی وے (B)شاہراہِ قراقرم (C)موٹروے (D)وادی کشمیر

3۔مغربی ممالک کی صنعتی ترقی کا انحصار ہے:

(A)برصغیر کے خام مال پر (B)مشرقی ممالک کے تیل پر (C)خلیجی ممالک کے تیل پر (D)یورپی ممالک کی تجارت پر

4۔خلیجی ممالک سے تیل دوسرے ممالک کو بھیجا جاتا ہے:

(A)بحیرۂ عرب کے ذریعے (B)بحرِ ہند کے ذریعے (C)بحیرہ روم کے ذریعے (D)بحیرہ قلزم کے ذریعے

5۔بحیرہ عرب کی اہم بندرگاہ ہے:

(A)کلکتہ (B)کراچی (C)تہران (D)تفتان

6۔تنگ پٹی واخان پاکستان کی سرحد کو جدا کرتی ہے:

(A)ایران سے (B)افغانستان سے (C)بھارت سے (D)تاجکستان سے

7۔وسط ایشیا کے ممالک میں شامل ہے:

(A)تاجکستان (B)ملائیشیا (C)انڈونیشیا (D)سعودی عرب

8۔پاکستان کے مشرق میں ہے:

(A)کوہِ ہمالیہ (B)بحرِ ہند (C)بھارت (D)ایران

9۔پاکستان کی سب سے بلند چوٹی ہے:

(A)ترچ میر (B)کے-ٹو (C)نانگا پربت (D)تختِ سلیمان

10۔کے-ٹو کی بلندی ہے:

(A)قریباً 8611 میٹر (B)قریباً 7615 میٹر (C)قریباً 7121 میٹر (D)قریباً 7036 میٹر

11۔پوری دنیا میں بلندی کے اعتبار سے کے-ٹو کا نمبر ہے:

(A)پہلا (B)دوسرا (C)تیسرا (D)چوتھا

12۔دنیا کی ایک اہم ایٹمی قوت ہے:

(A)افغانستان (B)ایران (C)پاکستان (D)سعودی عرب

13۔مسئلہ کشمیر ممالک کے درمیان تنازع ہے:

(A)چین اور بھارت (B)پاکستان اور چین (C)پاکستان اور بھارت (D)ایران اور سعودی عرب

14۔چین بندرگاہ کو فعال بنا رہا ہے:

(A)کراچی کی (B)پورٹ قاسم کی (C)پسنی کی (D)گوادر کی

15۔کسی ملک کی دوسرے ممالک کے ساتھ تعلقات کی حکمتِ عملی ہے:

(A)خارجہ پالیسی (B)داخلہ پالیسی (C)تہذیب و تمدن (D)دفاع

16۔اسلامی نظریے کی بنیاد پر ملک قائم ہوا:

(A)ایران (B)سعودی عرب (C)پاکستان (D)افغانستان

17۔پاکستان کی اکثریتی آبادی کا پیشہ ہے:

(A)ماہی گیری (B)زراعت (C)صنعت (D)گلہ بانی

جوابات:

1۔چین	2۔شاہراہِ قراقرم	3۔ خلیجی ممالک کے تیل پر	4۔بحیرہ عرب کے ذریعے
5۔کراچی	6۔تاجکستان	7۔تاجکستان	8۔بھارت
9۔کے-ٹو	10۔قریباً 8011 میٹر	11۔دوسرا	12پاکستان
13۔پاکستان اور بھارت	14۔گوادر کی	15۔خارجہ پالیسی	16۔پاکستان
17۔زراعت			

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

مختصر جواب دیں۔

1۔پاکستان کی جغرافیائی لحاظ سے کیا اہمیت ہے؟

جواب:پاکستان جغرافیائی لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل ہے کیوں کہ وسط ایشیا کے ممالک کے تمام تجارتی راستے پاکستان سے ہو کر گزرتے ہیں۔

2۔شاہراہِ قراقرم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب:شاہراہِ قراقرم پاکستان اور چین کے درمیان اہم تجارتی شاہراہ ہے۔یہ شاہراہ سلسلہ قراقرم کی چٹانوں کا کاٹ کر بنائی گئی ہے۔

3۔ خلیجی ممالک کے نام لکھیں۔

جواب: خلیجی ممالک میں سعودی عرب، عراق، کویت، بحرین، متحدہ عرب امارات، اومان اور قطر وغیرہ شامل ہیں۔

4۔واخان کی پٹی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب:پاکستان کے شمال میں افغانستان کے علاقے کی ایک تنگ پٹی واخان ہے جو پاکستان کی شمالی سرحد کو تاجکستان سے جُدا کرتی ہے۔

5۔پاکستان کے مشرق بعید میں کون سے مسلم ممالک واقع ہیں؟

جواب:پاکستان کے مشرق بعید میں ملائیشیا، انڈونیشیا اور برونائی دارالسّلام جیسے مسلم ممالک واقع ہیں۔

6۔اقتصادی تعاون کی تنظیم کے رکن کون سے ممالک ہیں؟

جواب:پاکستان، ایران اور ترکی اقتصادی تعاون کی تنظیم کے رکن ممالک ہیں۔

7۔پاکستان میں کونسی قدیم تہذیبیں ہیں؟

جواب:پاکستان میں وادی سندھ اور گندھارا کی قدیم تہذیبیں ہیں۔

8۔پاکستان کے کونسے علاقے سیاحت کے لیے مشہور ہیں؟

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

جواب:وادیِ کاغان، درہ خیبر، سوات اور گلگت بلتستان کے علاقے سیاحت کے لیے مشہور ہیں۔

9۔ پہاڑی چوٹی کے-ٹو کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب:کے-ٹو کی چوٹی پاکستان کی بلند ترین پہاڑی چوٹی ہے۔ اس کی بلندی قریباً 8611 میٹر ہے۔ یہ پوری دنیا میں بلندی کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے۔ یہ کوہ پیماؤں کے لیے بہت دل چسپی کی حامل ہے۔

10۔ جنوبی ایشیا کے خطے میں کس طرح امن قائم ہو سکتا ہے؟

جواب:پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر حل ہو جائے تو پورے جنوبی ایشیا میں امن قائم ہو سکتا ہے۔

11۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد کون کون سے ہیں؟

جواب:پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد میں نظریہ پاکستان کا تحفظ، ثقافت کا فروغ اور معاشی ترقی شامل ہے۔

12۔ قیامِ پاکستان کا مقصد کیا تھا؟

جواب:قیامِ پاکستان کا مقصد یہ تھا کہ مسلمان اپنی زندگیاں قرآن و سنت کے مطابق بسر کر سکیں۔

13۔ پاکستان کے قومی مفادات کا تقاضا کیا ہے؟

جواب:پاکستان کے قومی مفادات کا تقاضا ہے کہ پاکستان کے اقتدارِ اعلیٰ اور جغرافیائی و نظریاتی حدود کا تحفظ کیا جائے۔ قومی سلامتی کے خلاف اٹھنے والے ہر قدم کو روکا جائے اور پاکستان کی حفاظت کی جائے۔

14۔ پاکستان کی ثقافت میں کون سی اقدار نمایاں ہیں؟

جواب:پاکستان کی ثقافت میں رواداری، احترامِ انسانیت، بہادری، عزت، حیا اور چادر اور چار دیواری جیسی اقدار نمایاں ہیں۔

15۔ مغربی دنیا میں پاکستان کی کون سی چیزیں پسند کی جاتی ہیں؟

جواب:مغربی دنیا میں پاکستانی لباس، کشیدہ کاری، کڑھائی والے کُرتے، شلوار، چادریں وغیرہ پسند کی جاتی ہیں۔

پاکستان کے قریبی ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات (Pakistan relation with neighboring states)

مسئلہ کشمیر (Kashmir issues)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ پاکستان کی بھارت کے ساتھ سرحد کی لمبائی ہے:

(A) قریباً 700 کلو میٹر (B) قریباً 1310 کلو میٹر (C) قریباً 1821 کلو میٹر (D) قریباً 2163 کلو میٹر

2۔ پاکستان کی بھارت کے ساتھ پہلی جنگ ہوئی:

(A) 1947ء مین (B) 1948ء میں (C) 1949ء میں (D) 1965ء مین

3۔ سلامتی کونسل سے جنگ بندی کی قرارداد منظور کرائی:

(A) پاکستان نے (B) امریکا نے (C) چین نے (D) بھارت نے

4۔ بنگلہ دیش بنا:

(A) 6۔ ستمبر 1965ء کو (B) یکم جنوری 1969ء کو (C) 16۔ دسمبر 1971ء کو (D) 5۔ فروری 1972ء کو

5۔ "کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے" یہ کہنا ہے:

قائد اعظم محمد علی جناحؒ کا (B) علامہ محمد اقبالؒ کا (C) سر سید احمد خان کا (D) لیاقت علی خان کا

6۔ سب سے پہلے پاکستان کو تسلیم کیا:

(A) چین نے (B) افغانستان نے (C) سعودی عرب نے (D) ایران نے

taleemcity.com

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

7۔ "علاقائی "تعاون برائے ترقی (آر۔سی۔ڈی) کا معاہدہ دور میں ہوا:

(A)لیاقت علی خاں کے (B)سکندر مرزا کے (C)جنرل ایوب خاں کے (D)جنرل یحییٰ خان کے

8۔ ایران کی قومی زبان ہے:

(A)عربی (B)فارسی (C)انگریزی (D)پشتو

9۔ تہران دار لحکومت ہے:

(A)عراق کا (B)بنگلہ دیش کا (C)ایران کا (D)ترکی کا

10۔افغانستان نے پاکستان کو تسلیم کیا:

(A)1947ء میں (B)1948ء میں (C)1949ء میں (D)1950ء مین

11۔پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحد کو کہا جاتا ہے:

(A)کنٹرول لائن (B)انٹر نیشنل لائن (C)ورخان لائن (D)ڈیورنڈ لائن

12۔ڈیورنڈ لائن کی لمبائی ہے:

(A) قریباً2163 کلو میٹر (B) قریباً2219 کلو میٹر (C) قریباً2611 کلو میٹر (D) قریباً2815 کلو میٹر

13۔چاروں طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہے:

(A)بھارت (B)افغانستان (C)چین (D)پاکستان

14۔11۔ستمبر 2001ء کے بعد افغانستان پر حملہ کیا:

(A)روس نے (B)چین نے (C)برطانیہ نے (D)امریکا نے

15۔آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے:

(A)امریکا (B)بھارت (C)انڈونیشیا (D)چین

16۔چین اور پاکستان کی مشترکہ سرحد کی لمبائی ہے:

(A) قریباً631 کلو میٹر (B) قریباً605 کلمو میٹر (C) قریباً599 کلو میٹر (D) قریباً531 کلو میٹر

17۔چین کی کرنسی کا نام ہے:

(A)کوان (B)ناوان (C)یوان (D)توان

18۔کشمیر میں اکثریت ہے:

(A)سکھوں کی (B)مسلمانوں کی (C)ہندوؤں کی (D)بدھوں کی

19۔کشمیر کے حوالے سے سلامتی کونسل کی قرارداد پر عمل نہیں کر رہا:

(A)بھارت (B)پاکستان (C)کشمیری رہنما (D)چین

20۔مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کی سرحد کو کہتے ہیں

(A)انٹر نیشنل لائن (B)لائن آف کنٹرول (C)ڈیورنڈ لائن (D)کشمیر لائن

جوابات:

1۔ قریباً2163 کلو میٹر	2۔1948ء میں	3بھارت نے	4۔16دسمبر 1971ء کو
5۔ قائد اعظم محمد علی جناح کا	6۔ایران نے	7۔جنرل ایوب خاں کے	8۔فارسی
9۔ایران	10۔1948ء میں	11۔ڈیورنڈ لائن	12۔ قریباً2611 کلو میٹر
13۔افغانستان	14۔امریکا نے	15۔چین	16۔ قریباً599 کلو میٹر
17۔یوان	18۔مسلمانوں کی	19۔بھارت	20۔لائن آف کنٹرول

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

مختصر جواب دیں۔

1۔ پاک بھارت 1965ء کی جنگ کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

جواب: 6۔ ستمبر 1965ء کی رات بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا۔ یوں لاہور، قصور اور سیالکوٹ کے محاذ پر جنگ کا آغاز ہوا، پاکستانی فوج نے جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارتی حملے کا بھرپور جواب دیا اور دشمن کو پیچھے دھکیل دیا۔

2۔ پاک بھارت 1971ء کی جنگ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: 1971ء کی پاک بھارت کو مقامی لوگوں کی حمایت حاصل تھی۔ جس کی وجہ سے پاکستان اپنے ایک حصّے سے محروم ہو گیا اور مشرقی پاکستان بنگلہ دیش کے نام سے نیا ملک بن گیا۔

3۔ اسلامی جمہوریہ ایران کے متعلق چند جملے لکھیں۔

جواب: اسلامی جمہوریہ ایران کا سرکاری مذہب اسلام ہے۔ قومی زبان فارسی ہے۔ اس کی کرنسی کا نام ایرانی ریال ہے۔ اس کا دار الحکومت کا نام تہران ہے۔ دنیا کی قدیم تہذیبوں میں سے ایک تہذیب ایران کی ہے۔ یہاں تیل کے بڑے بڑے ذخائر ہیں۔

4۔ روس کے افغانستان پر حملے کے بعد پاکستان کا کیا کردار رہا؟

جواب: روس کے افغانستان پر حملے کے بعد پاکستان نے افغان عوام کا ساتھ دیا۔ لاکھوں افغان مہاجرین کو پناہ دی اور امداد دی۔ پاکستان نے روسی جارحیت کی کُھل کر مذمت کی۔ افغان عوام نے امریکا اور پاکستان کے تعاون سے اپنے وطن کا دفاع کیا اور روسی قبضے سے نجات پائی۔

5۔ ڈیورنڈ لائن کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

جواب: 1893ء میں وائسرائے ہند نے ہندوستان کے وزیر امورِ خارجہ ماٹیمر ڈیورنڈ کو کابل بھیجا۔ افغانستان کی حکومت سے مذاکرات کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا جس کے نتیجے میں سرحد کا تعین کیا گیا جو ڈیورنڈ لائن کہلاتی ہے۔

6۔ وسطی ایشیائی ممالک کے لیے افغانستان کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: وسطی ایشیائی ممالک کے لیے افغانستان بہت اہم ہے کیوں کہ ان ممالک کو افغانستان سے گزر کر پاکستان کی بندرگاہیں استعمال کرنا پڑتی ہیں۔

7۔ افغانستان میں طالبان کی حکومت کیسے ختم ہوئی؟

جواب: 11۔ ستمبر 2001ء میں امریکا میں ہونے والی دہشت گردی کے واقعات کے بعد امریکا نے افغانستان پر حملہ کر دیا اور طالبان کی حکومت کو ختم کر دیا۔

8۔ عوامی جمہوریہ چین کا تعارف تین جملوں میں کریں۔

جواب: عوامی جمہوریہ چین آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ ہر سال یکم اکتوبر کو چینی باشندے یوم آزادی مناتے ہیں۔ چین کی کرنسی کا یوان (Yuan) ہے۔

9۔ شاہراہِ ریشم کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

جواب: شاہراہِ ریشم پاکستان اور چین کے درمیان زمینی رابطے کا ذریعہ ہے۔ اس کا نام شاہراہِ قراقرم بھی ہے۔ اس سڑک کے ذریعے دونوں ممالک ایک دوسرے کے ساتھ باہم تجارت اور آمد و رفت کرتے ہیں۔

10۔ کشمیر کو بھارت اور پاکستان کیوں اپنا اپنا حصّہ سمجھتے ہیں؟

جواب: تقسیم ہند کے وقت کشمیر پر ایک ہندو ڈوگرا حکمران تھا۔ یہاں کی آبادی کی اکثریت مسلمان تھی۔ ڈوگرا چاہتا تھا کہ کشمیر کا الحاق بھارت کے ساتھ ہو جائے جب کہ پاکستان کا مؤقف ہے کہ یہاں کی آبادی کی اکثریت مسلمان ہے اور وہ پاکستان کے ساتھ الحاق چاہتے ہیں اس لیے کشمیر پاکستان کا حصّہ ہے۔ بھارت سمجھتا ہے کہ ڈوگرا کشمیر کا الحاق بھارت سے کرنا چاہتا تھا اس لیے یہ بھارت کا حصّہ ہے۔

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

11۔ کشمیر کے حوالے سے سلامتی کونسل نے اپنے اعلامیے میں پاکستان کے کون سے مؤقف کو تسلیم کیا؟

جواب: سلامتی کونسل نے اپنے اعلامیے میں پاکستان کے اس مؤقف کو تسلیم کیا کہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ ریاست کے عوام کی مرضی کے مطابق ہو گا اور اس مقصد کے لیے اقوام متحدہ کی زیر نگرانی استصوابِ رائے کرایا جائے گا۔

پاکستان کے وسط ایشیا کے ممالک کے ساتھ تعلقات (Pakistan's relations with central Asian countries)

اسلامی کانفرنس کی تنظیم (O.I.C) اور پاکستان (Organization of Islamic conference and Pakistan)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ وسطی ایشیا کے مسلم ممالک وجود میں آئے:

(A) 1989ء میں (B) 1990ء میں (C) 1991ء میں (D) 1998ء میں

2۔ وسطی ایشیا کے مسلم ممالک کے پاس نہیں ہے:

(A) دریا (B) ساحل سمندر (C) زرعی زمین (D) ذرائع آمدورفت

3۔ وسطی ایشیا کے ممالک میں اکثر عوام وابستہ ہیں:

(A) صنعت سے (B) ماہی گیری سے (C) کان کنی سے (D) زراعت سے

4۔ اسرائیلوں نے مسجد اقصیٰ کو آگ لگائی:

(A) 1969ء میں (B) 1970ء میں (C) 1971ء میں (D) 1972ء میں

5۔ اسلامی کانفرنس کی تنظیم قائم ہوئی:

(A) لاہور میں (B) جدہ میں (C) رباط میں (D) استنبول میں

6۔ اسلامی کانفرنس کی تنظیم (O.I.C) کا صدر دفتر ہے:

(A) رباط میں (B) جدہ میں (C) تیونس میں (D) تہران میں

7۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس منعقد ہوئی:

(A) کراچی میں (B) اسلام آباد میں (C) پشاور میں (D) لاہور میں

8۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس میں اسلامی نمائندے شریک ہوئے:

(A) 40 (B) 45 (C) 48 (D) 50

9۔ پاکستان کو اپنا دوسرا گھر قرار دیا کرتے تھے:

(A) معمر قذافی (B) حافظ الاسد (C) شاہ فیصل (D) شیخ زید بن سلطان

10۔ آبادی کے اعتبار سے دنیا کا سب سے بڑا اسلامی ملک ہے:

(A) ملائیشیا (B) انڈونیشیا (C) پاکستان (D) افغانستان

11۔ پاکستان کی ایران کے ساتھ سرحد کی لمبائی ہے:

(A) قریباً 700 کلومیٹر (B) قریباً 810 کلومیٹر (C) قریباً 891 کلومیٹر (D) قریباً 909 کلومیٹر

12۔ 1964ء میں آر سی ڈی قائم کی:

(A) عراق، پاکستان اور سعودی عرب نے (B) ایران، افغانستان اور ترکی نے (C) پاکستان، ترکی اور ایران نے (D) افغانستان، مصر اور اومان نے

13۔ پاکستان میں شدید زلزلہ آیا:

(A) 2001ء میں (B) 2002ء میں (C) 2004ء میں (D) 2005ء میں

taleemcity.com

14۔ فلسطین کی ریاست پر اسرائیل کے نام سے ایک ریاست قائم ہوئی:

(A)1948ء میں	(B)1949ء میں	(C)1950ء میں	(D)1951ء میں

15۔ پاکستان نے آج تک تسلیم نہیں کیا:

(A)بھارت کو	(B)بنگلہ دیش کو	(C)اسرائیل کو	(D)برما کو

16۔ اقتصادی تعاون کی تنظیم میں ایشیائی ممالک ہیں:

8(A)	10(B)	12(C)	14(D)

جوابات:

1۔1991ء میں	2۔ ساحل سمندر	3۔ زراعت سے	4۔1969ء میں
5۔ رباط میں	6۔ جدّہ میں	7۔ لاہور میں	8۔40
9۔ شاہ فیصل	10۔ انڈونیشیا	11۔ قریباً909 کلوم میٹر	12۔ پاکستان، ترکی اور ایران نے
13۔2995ء میں	14۔1948ء میں	15۔ اسرائیل کو	16۔10

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

مختصر جواب دیں۔

1۔ اسلامی کانفرنس کی تنظیم (O.I.C) کا قیام کس طرح عمل میں آیا؟

جواب: 1969ء میں اسرائیلیوں نے مسجد اقصیٰ کا آگ لگائی تو دنیا بھر کے مسلمانوں میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ اس کے بعد مسلم ممالک کے نمائندے مراکش کے شہر میں اکٹھے ہوئے۔ اس اجلاس میں پاکستان کی تجویز اسلامی کانفرنس کی تنظیم (O.I.C) کا قیام عمل میں آیا۔

2۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس 1974ء کو لاہور میں منعقد کرنے میں کن نمائندوں نے مرکزی کردار ادا کیا؟

جواب: دوسری اسلامی کانفرنس 1974ء کو لاہور میں منعقد کرنے میں ذوالفقار علی بھٹو، شاہ فیصل، معمر قذافی، حافظ الاسد، شیخ زید بن سلطان اور انورِ سادات نے مرکزی کردار ادا کیا۔

3۔ پاکستان کے سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو چند جملوں میں لکھیں۔

جواب: پاکستان کے سعودی عرب کے ساتھ قریبی تعلقات ہیں۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ شاہ فیصل پاکستان کو اپنا دوسرا گھر قرار دیا کرتے تھے۔ بین الاقوامی سیاست میں سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستانی مؤقف کی تعریف کی ہے۔

4۔ سی پیک (CPEC) سے ایران کو کیا دلچسپی ہے؟

جواب: سی پیک (CPEC) کے ذریعے سے ایران اور سنٹرل ایشیا کے ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات میں دلچسپی رکھتا ہے۔

5۔ 2005ء کے زلزلے میں ترکی نے پاکستان کی کس طرح مدد کی؟

جواب: 2005ء کے زلزلے میں ترک باشندوں نے دل کھول کر متاثرین کے لیے عطیات دیے۔ ترک ڈاکٹروں، نرسوں اور طبی عملے نے زلزلہ متاثرین کی دیکھ بھال اور امداد کی۔

6۔ پاکستان نے آج تک کس کو تسلیم نہیں کیا؟

جواب: پاکستان نے آج تک اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا۔

7۔ اقتصادی تعاون کی تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کون سے ہیں؟

جواب: اقتصادی تعاون کی تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک میں پاکستان، ایران، ترکی، افغانستان، آذربائیجان، قازقستان، کرغزستان، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان شامل ہیں۔

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

پاکستان کے سارک ممالک کے ساتھ تعلقات (Pakistan's relation with SAARC countries)

پاکستان کے بڑی طاقتوں کے ساتھ تعلقات (Pakistan's relation with major world power)

چین اور پاکستان کا اقتصادی راہداری منصوبہ (China Pakistan economic corridor. CPEC)

دنیا میں قیامِ امن کے لیے پاکستان کا کردار (Pakistan's contribution towards peace keeping in the world)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون (SAARC) کا قیام عمل میں آیا۔

(A) 1964ء میں (B) 1969ء میں (C) 1974ء میں (D) 1985ء میں

2۔ بھارت کا دار لحکومت ہے:

(A) کلکتہ (B) ممبئی (C) دہلی (D) چندی گڑھ

3۔ سارک کا چھٹا اجلاس 1991ء میں ہوا:

(A) کولمبو میں (B) ڈھاکہ میں (C) دہلی میں (D) کھٹمنڈو میں

4۔ 1993ء میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان معاہدہ طے پایا:

(A) صنعتی (B) زرعی (C) تعلیمی (D) ٹریکٹروں کا

5۔ بحر ہند اور بحیرہ عرب کے سنگم پر واقع ہے:

(A) نیپال (B) سری لنکا (C) مالدیپ (D) بھوٹان

6۔ مالدیپ میں جزیرے ہیں:

(A) قریباً 150 (B) قریباً 200 (C) قریباً 250 (D) قریباً 300

7۔ تھمفو دار لحکومت ہے:

(A) بھوٹان کا (B) مالدیپ کا (C) نیپال کا (D) سری لنکا کا

8۔ سارک نے افغانستان کو اپنا رکن بنایا:

(A) 2005ء میں (B) 2006ء میں (C) 2007ء میں (D) 2008ء میں

9۔ 1950ء میں امریکا میں خطاب کیا:

(A) محمد علی نے (B) لیاقت علی خاں نے (C) سکندر مرزا نے (D) جنرل محمد ایوب خان نے

10۔ 11۔ ستمبر 2001ء کے بعد امریکا نے حملہ کیا:

(A) عراق پر (B) افغانستان پر (C) شام پر (D) ایران پر

11۔ افغان جنگ کے بعد ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا:

(A) امریکا (B) برطانیہ (C) روس (D) فرانس

12۔ جاپان کے شہر ہیروشیما اور ناگاساکی پر ایٹم بم گرائے:

(A) برطانیہ نے (B) جرمنی نے (C) فرانس نے (D) امریکا نے

13۔ یورپی یونین ایک تنظیم ہے:

(A) ایشیائی ممالک کی (B) یورپی ممالک کی (C) افریقی ممالک کی (D) مشرقی ممالک کی

taleemcity.com

14۔ٹیلی نار موبائل کمپنی ہے:

(A)امریکا کی (B)سویڈن کی (C)ناروے کی (D)فرانس کی

15۔CPEC ممالک کے درمیان تجارتی معاہدہ ہے:

(A)پاکستان اور چین (B)پاکستان اور افغانستان (C)چین اور عرب ممالک (D)پاکستان اور عرب ممالک

16۔24۔اکتوبر 1945ء کو قیام عمل میں آیا:

(A)چین (B)امریکا (C)تاجکستان (D)اقوام متحدہ

17۔سلامتی کونسل کی قرارداد 1949ء کے مطابق استصوابِ رائے کرایا جائے:

(A)فلسطین میں (B)کشمیر میں (C)بنگلہ دیش میں (D)قبرص میں

18۔"ویٹو" کا اختیار ممالک کو حاصل ہے:

(A)دو (B)تین (C)چار (D)پانچ

جوابات:

1۔1985ء میں	2۔دہلی میں	3۔کولمبو میں	4۔ٹریکٹروں کا
5۔مالدیپ	6۔قریباً 200	7۔بھوٹان کا	8۔2007ء میں
9۔لیاقت علی خان نے	10۔افغانستان پر	11۔روس	12۔امریکا
13۔یورپی ممالک کی	14 ناروے کی	15۔پاکستان اور چین	16۔اقوام متحدہ
17 کشمیر میں	18۔پانچ		

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

مختصر جواب دیں۔

1۔جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون (SAARC) کے رکن ممالک کونسے ہیں؟

جواب: جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون (SAARC) کے رکن میں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال، مالدیپ، بھوٹان اور افغانستان ہیں۔

2۔سارک تنظیم کے مقاصد کونسے ہیں؟

جواب: سارک تنظیم کے مقاصد یہ ہیں:

1۔ایک دوسرے کے مسائل کو سمجھنا اور باہمی اعتماد سازی کے لیے اقدامات کرنا۔

2۔جنوبی ایشیائی ممالک کے درمیان اجتماعی خود انحصار کو بڑھانا اور مضبوط کرنا۔

3۔باہمی دل چسپی کے موضوعات پر بین الاقوامی سطح پر یکساں مؤقف اختیار کرنا۔ بین الاقوامی اور علاقائی تعاون کی تنظیموں کے ساتھ تعاون کرنا۔

3۔پاکستان نے سری لنکا کو تامل ٹائیگرز کے خلاف کیا فراہم کیے؟

جواب: پاکستان نے سری لنکا کو تامل ٹائیگرز کے خلاف جنگی سامان اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے آلات فراہم کیے۔

4۔مالدیپ کی عوام کا اہم پیشہ کونسا ہے؟

جواب: مالدیپ کی عوام کا اہم پیشہ ماہی گیری ہے۔

5۔مالدیپ سے کونسی چیزیں اکٹھی کر کے دوسرے ممالک کو بھیجی جاتی ہیں؟

جواب: مالدیپ سے گھونگھے اور سیپیاں اکٹھی کر کے دوسرے ممالک کو بھیجی جاتی ہیں۔

6۔مالدیپ کا تعارف چند جملوں میں کروائیں۔

جواب: مالدیپ جزائر پر مشتمل ایک ریاست ہے۔ یہاں قریباً 200 جزیروں میں انسانی آبادی ہے۔ مالدیپ کا دار الحکومت مالے ہے۔ مالے میں پورے ملک کی 80 فی صد آبادی قیام پذیر ہے۔

7۔ بھوٹان کا تعارف چند جملوں میں کروائیں۔

جواب: بھوٹان کا دار الحکومت تھمفو ہے۔ یہاں کی سرکاری زبان "ڈونگا" ہے۔ زیادہ تر عوام کا مذہب بدھ مت ہے۔ بھیڑ بکریاں پالنا لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔

8۔ پاکستان بھوٹان سے کیا درآمد کرتا ہے؟

جواب: پاکستان بھوٹان سے پٹ سن، ربڑ، بیجوں کا تیل اور مختلف کیمیکلز درآمد کرتا ہے۔

9۔ 1965ء اور 1971ء کی پاک بھارت جنگ میں امریکا کا کیا کردار رہا؟

جواب: 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں امریکا نے پاکستان کی امداد بند کر دی۔ 1971ء کی جنگ میں امریکا نے خود کو الگ کر کے پاکستان کا ساتھ نہ دیا۔

10۔ ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں روس نے پاکستان کی معیشت میں کیا تعاون کیا؟

جواب: ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں روس نے کراچی میں سٹیل مل لگانے میں تعاون کیا۔ سٹیل مل پاکستان کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے۔

11۔ عالمی سطح پر امریکا کی برتری کب قائم ہوئی؟

جواب: افغان جنگ میں روس کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ اس جنگ کے بعد روس کے ٹکڑے ہو گئے۔ روس کا عالمی سیاست میں کردار نسبتاً کم ہو گیا۔ یوں امریکا کو عالمی سطح پر برتری حاصل ہو گئی۔

12۔ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان کن شعبوں میں معاہدے ہوئے ہیں؟

جواب: پاکستان اور برطانیہ کے درمیان تعلیم کے فروغ، سماجی شعبے کی ترقی، غربت کے مسئلے سے نمٹنا، توانائی کے بحران، شہریوں کے تحفظ اور ان کی سکیورٹی اور معاشرے میں بڑھتی ہوئی انتہاپسند کے چیلنج سے نمٹنے کے لیے کئی معاہدے ہو چکے ہیں۔

13۔ جاپان نے بلوچستان کی پسماندگی دور کرنے کے لیے کیا کردار ادا کیا ہے؟

جواب: جاپان نے بلوچستان کی پسماندگی دور کرنے کے لیے بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے لیے جدید مشینری، گدو، سبی اور کوئٹہ کے درمیان بجلی کی سپلائی، سبی میں ڈیزل پاور سٹیشن کا قیام، پاکستان میں زیرزمین پانی کی تلاش اور پینے کے صاف پانی کے منصوبے شروع کر کے مثبت کردار ادا کیا ہے۔

14۔ جاپان میں سرکاری ایجنسی، جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن (جائیکا) کا پاکستان میں کیا کردار ہے؟

جواب: جاپان کی سرکاری ایجنسی، جاپان، انٹرنیشنل کوآپریشن (جائیکا) پاکستان میں تعلیم، صحت، پینے کے پانی کی فراہمی اور نکاسی آب، ماحول، آبپاشی اور زراعت، ذرائع آمدورفت، توانائی اور قدرتی آفات سے بچاؤ وغیرہ کے شعبوں میں تعاون کر رہی ہے۔

15۔ پاکستان نے کن یورپی ممالک کے ساتھ انفرادی معاشی معاہدے کیے ہیں؟

جواب: پاکستان نے فرانس، بیلجیم، برطانیہ اور سویڈن کے ساتھ انفرادی معاشی معاہدے کیے ہیں۔

16۔ چین، پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کا مقصد کیا ہے؟

جواب: چین، پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کا مقصد جنوب مغربی پاکستان سے چین کے شمال مغربی علاقے سنکیانگ تک گوادر بندرگاہ، ریلوے اور موٹروے کے ذریعے تیل اور گیس کی کم وقت میں ترسیل ہے۔

17۔ سی پیک کے پاکستان کی معیشت پر کیا اثرات مرتب ہوں گے؟

taleemcity.com

جواب: سی پیک کے پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ مستقبل کی ضروریات کے پیشِ نظر سی پیک کے تحت توانائی، سڑکوں، ریل، صنعت اور سیاحت وغیرہ کے شعبوں کو ترقی ملے گی۔ ملک میں کاروباری سرگرمیاں تیز ہوں گی، معیشت مستحکم ہوگی، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور غربت میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ ملکی معیشت کے مختلف شعبوں میں ترقی کے لیے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔

18۔ پاکستانی افواج نے کن ممالک میں امن فوج کی حیثیت سے فرائض سرانجام دیے ہیں؟

جواب: پاکستانی افواج نے خلیجی ریاستوں، بوسینا، سوڈان، کانگو اور دنیا کی دیگر ریاستوں میں امن فوج کی حیثیت سے فرائض سرانجام دیے ہیں۔

19۔ دنیا کے کن ممالک کو اقوامِ متحدہ میں ویٹو (veto) کا حق حاصل ہے؟

جواب: دنیا کے پانچ بڑے ممالک امریکا، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کو اقوام متحدہ میں ویٹو (veto) کا حق حاصل ہے۔

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

taleemcity.com